نماز میں رفع یدین نہ کرنے کے دلائل

مرتب مولانا محمد الیاس گھمن مدظلہ

سرپرست: مرکز اہل السنۃ والجماعۃ سرگودھا

ناظم اعلیٰ: اتحاد اہل السنۃ والجماعۃ پاکستان

چیف ایگزیکٹو: احناف میڈیا سروس AMS

دلیل نمبر 1

اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلٰوتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۝

(سورۃ المؤمنون: 2،1)

ترجمہ پکی بات ہے کہ وہ ایمان لانے والے کامیاب ہوگئے جو نماز میں خشوع اختیار کرنے والے ہیں۔

تفسیر قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما مُخْبِتُوْنَ مُتَوَاضِعُوْنَ لَایَلْتَفِتُوْنَ یَمِیْنًا وَّلَا شِمَالًا وَّ لَا یَرْفَعُوْنَ اَیْدِیَهُمْ فِی الصَّلٰوةِ......الخ

(تفسیر ابن عباس رضی اللہ عنہما ص212)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ”خشوع کرنے والے سے مراد وہ لوگ ہیں جو نماز میں تواضع اور عاجزی اختیار کرتے ہیں اور وہ دائیں بائیں توجہ نہیں کرتے ہیں اور نہ ہی نماز میں رفع یدین کرتے ہیں۔“

دلیل نمبر 2

قَالَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْمُحَدِّثُ اَحْمَدُ بْنُ شُعَیْبٍ النَّسَائِیُّ اَخْبَرَ نَا سُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَکِ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ کُلَیْبٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رضی اللہ عنہ قَالَ اَلَااُخْبِرُکُمْ بِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: فَقَامَ فَرَفَعَ یَدَیْهِ اَوَّلَ مَرَّةٍ ثُمَّ لَمْ یُعِدْ.

(سنن النسائی ج1 ص158، سنن ابی داود ج1 ص116)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ”کیا میں تمہیں اس بات کی خبر نہ دوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیسے نماز پڑھتے تھے؟ حضرت علقمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے پہلی مرتبہ رفع یدین کیا (یعنی تکبیر تحریمہ کے وقت) پھر (پوری نماز میں) رفع یدین نہیں کیا۔“

دلیل نمبر 3

اَلْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُوْحَنِیْفَةَ نُعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ الشَّعْبِیَّ یَقُوْلُ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ رضی اللہ عنہ یَقُوْلُ: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ یَدَیْهِ حَتّٰی یُحَاذِیَ مَنْکِبَیْهِ لَایَعُوْدُ بِرَفْعِهِمَا حَتّٰی یُسَلِّمَ مِنْ صَلَاتِهٖ.

(مسند ابی حنیفہ بروایۃ ابی نعیم ص344، سنن ابی داود ج1 ص116)

ترجمہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ”آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے، (اس کے بعد پوری نماز میں) سلام پھیرنے تک دوبارہ رفع یدین نہیں کرتے تھے۔“

دلیل نمبر 4

قَالَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْمُحَدِّثُ اَبُوْبَکْرٍ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الزُّبَیْرِ الْحُمَیْدِیُّ ثَنَا الزُّهْرِیُّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِیْهِ رضی اللہ عنہ قَالَ (رضی اللہ عنہ) رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ رَفَعَ یَدَیْهِ حَذْوَ مَنْکِبَیْهِ وَاِذَا اَرَادَ اَنْ یَّرْکَعَ وَبَعْدَ مَا یَرْفَعُ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّکُوْعِ فَلَا یَرْفَعُ وَلَا بَیْنَ السَّجْدَتَیْنِ.

(مسند حمیدی ج2 ص277، مسند ابی عوانہ ج1 ص334)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ”میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے۔ رکوع کی طرف جاتے ہوئے، رکوع سے سر اٹھاتے ہوئے اور سجدوں کے درمیان رفع یدین نہیں کرتے تھے۔“

دلیل نمبر 5

قَالَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْمُحَدِّثُ ابْنُ حِبَّانَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ یُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدِ الْعَسْکَرِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَیْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ الْمُسَیَّبَ بْنَ رَافِعٍ عَنْ تَمِیْمِ بْنِ طَرَفَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم اَنَّهٗ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَاَبْصَرَ قَوْمًا قَدْ رَفَعُوْا اَیْدِیَهُمْ فَقَالَ قَدْ رَفَعُوْهَا کَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَیْلٍ شُمُسٍ اُسْکُنُوْا فِی الصَّلَاةِ."

(صحیح ابن حبان ج3 ص178، صحیح مسلم ج1 ص181)

ترجمہ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے لوگوں کو رفع یدین کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا: ”انہوں نے اپنے ہاتھوں کو شریر گھوڑوں کی دموں کی طرح اٹھایا ہے تم نماز میں سکون اختیار کرو۔“ (نماز میں رفع یدین نہ کرو)

دلیل نمبر 6

قَالَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْمُحَدِّثُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ الْبُخَارِیُّ حَدَّثَنَا یَحْیٰ بْنُ بُکَیْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّیْثُ عَنْ خَالِدٍ عَنْ سَعِیْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ اَنَّهٗ کَانَ جَالِسًا مَعَ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَذَکَرْنَا صَلٰوةَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ اَبُوْحُمَیْدٍ السَّاعِدِیُّ رضی اللہ عنہ اَنَا کُنْتُ اَحْفَظَکُمْ لِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم رَاَیْتُهٗ اِذَا کَبَّرَ جَعَلَ یَدَیْهِ حَذْوَ مَنْکِبَیْهِ وَاِذَا رَکَعَ اَمْکَنَ یَدَیْهِ مِنْ رُکْبَتَیْهِ ثُمَّ هَصَرَ ظَهْرَهٗ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ اسْتَوٰی حَتّٰی یَعُوْدَ کُلُّ فَقَارٍ مَکَانَهٗ وَاِذَا سَجَدَ وَضَعَ یَدَیْهِ غَیْرَ مُفْتَرِشٍ وَّلَا قَابِضِهِمَا.

(صحیح بخاری ج1 ص114، صحیح ابن خزیمہ ج1 ص298)

ترجمہ محمد بن عمرو بن عطاء رحمہ اللہ، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے فرماتے ہیں: ”ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا ذکر کیا (کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیسے نماز پڑھتے تھے؟) تو حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ”میں تم سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز پڑھنے کے طریقے کو زیادہ یاد رکھنے والا ہوں پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز پڑھنے کے طریقے کو بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جب تکبیر تحریمہ کہی تو اپنے ہاتھوں کو کندھوں کے برابر اٹھایا اور جب رکوع کیا تو اپنے ہاتھوں سے اپنے گھٹنوں کو مضبوطی سے پکڑا پھر اپنی پیٹھ کو جھکایا جب سر کو رکوع سے اٹھایا تو سیدھے کھڑے ہوگئے حتیٰ کہ ہر ہڈی اپنی جگہ پر لوٹ آئی اور جب سجدہ کیا تو اپنے ہاتھوں کو اپنے حال پر رکھا نہ پھیلایا اور نہ ہی ملایا۔“

دلیل نمبر 7

قَالَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْمُحَدِّثُ اَبُوْجَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّحَاوِیُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ قَالَ ثَنَا نُعَیْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی قَالَ ثَنَا ابْنُ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہما ......وَعَنِ الْحَکَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: تُرْفَعُ الْاَیْدِیْ فِیْ سَبْعِ مَوَاطِنَ: فِی افْتِتَاحِ الصَّلٰوةِ وَعِنْدَ الْبَیْتِ وَعَلَی الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَبِعَرَفَاتٍ وَّبِالْمُزْدَلِفَةِ وَعِنْدَ الْجَمْرَتَیْنِ.

(سنن الطحاوی ج1 ص416)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”سات جگہوں پر ہاتھوں کو اٹھایا جاتا ہے:

1. شروع نماز میں
2. بیت اللہ کے پاس
3. صفا پر
4. مروہ پر
5. عرفات میں
6. مزدلفہ میں
7. جمرات کے پاس

دلیل نمبر 8

قَالَ الْاِمَامُ اَبُوْبَکْرٍ الْاِسْمَاعِیْلِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ صَالِحِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَبُوْمُحَمَّدٍ صَاحِبُ الْبُخَارِیِّ صَدُوْقٌ ثَبْتٌ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْمَرْوَزِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ السُّحَیْمِیُّ عَنْ حَمَّادِ (ابْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ) عَنْ اِبْرَاهِیْمَ (النَّخْعِیِّ) عَنْ عَلْقَمَةَ (بْنِ قَیْسٍ) عَنْ عَبْدِاللّٰهِ (بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ) قَالَ صَلَّیْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَاَبِیْ بَکْرٍ رضی اللہ عنہ وَّعُمَرَ رضی اللہ عنہ فَلَمْ یَرْفَعُوْا اَیْدِیَهُمْ اِلَّا عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ.

(کتاب المعجم لامام اسماعیلی ج2 ص692، سنن کبری امام بیہقی ج2 ص79)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ”میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ نماز پڑھی انہوں نے پوری نماز میں صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کی۔“

دلیل نمبر 9

قَالَ الْاِمَامُ ابْنُ قَاسِمٍ (حَدَّثَنَا) وَکِیْعٌ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ قَطَّافٍ النَّهْشَلِیِّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ کُلَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ عَلِیًّا رضی اللہ عنہ کَانَ یَرْفَعُ یَدَیْهِ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ ثُمَّ لَا یَعُوْدُ.

(المدونۃ الکبری ج1 ص71، مسند زید بن علی ص100)

ترجمہ ”حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے پھر پوری نماز میں رفع یدین نہیں کرتے تھے۔“

دلیل نمبر 10

قَالَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْمُحَدِّثُ اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرِ بْنُ عَیَّاشٍ عَنْ حُصَیْنٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ مَارَاَیْتُ ابْنَ عُمَرَ رضی اللہ عنہما یَرْفَعُ یَدَیْهِ اِلَّا فِیْ اَوَّلِ مَا یَفْتَتِحُ.

(مصنف ابن ابی شیبہ ج1 ص268)

ترجمہ معروف تابعی حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ”میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو شروع نماز کے علاوہ رفع یدین کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔“

نوٹ اصول حدیث کے مطابق بعض مقامات میں دو کتب کے حوالے دیے گئے ہیں دوسرے حوالے کے الفاظ کبھی بعینہ اول والے ہوں گے اور کبھی معمولی الفاظ کے فرق کے ساتھ ہوں گے

VISIT www.ahnafmedia.com
www.alittehaad.org

CONTACT markazhanfi@gmail.com
Cell Number: 0321-6353540

منگوانے کا پتہ: مکتبہ اہل السنۃ والجماعۃ 87 جنوبی لاہور روڈ سرگودھا

باہتمام: احناف میڈیا سروس AMS